بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
بدھوار ۱۹ نومبر ۲۰۲۵ء بمطابق ۲۷ جمادی الاول ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

عقلمند کی کوشش اپنے گناہوں کو ترک اور اپنے عیبوں کی اصلاح کیلئے ہوتی ہے (حضرت علیؓ)

## سنجیدہ اقدامات کی ضرورت

زراعت کسی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔یعنی زراعت ملکی معیشت کیلئے ایسے ہی ہے جیسے انسان کے جسم میں ریڑھ کی ہڈی۔اگر ریڑھ کی ہڈی کو ذرا سی چوٹ پہنچ جائے تو انسان اٹھنے بیٹھنے بلکہ ہلنے جلنے کے قابل بھی نہیں رہتا۔ایسے ہی جب ملک میں زراعت کا شعبہ کمزور پڑتا ہے تو ملکی معیشت کو خسارہ ہوتا ہے۔بالخصوص ہماری معیشت میں زراعت کا کردار نہایت اہم ہے۔دیہی علاقوں میں لوگوں کی اکثریت کا براہ راست روزگار کا ذریعہ زراعت ہے،

ہمارے یہاں زراعت کا شعبہ پہلے ہی مشکلات کا شکار تھا،اب بے ہنگم رہائشی مکانوں کی تعمیر نے زرعی زمینوں کا خاتمہ شروع کردیا ہے۔تمام بڑے شہروں کے گردونواح میں زرعی زمینوں کے خاتمے کیلئے بہت زیادہ محنت جاری ہے۔شہر سے باہر نکلیں تو چاروں طرف لوگ کھیتوں کو صاف کرنے میں مصروف ہیں۔تہاں تک کی زمین خریدنے والے دلال زرعی رقبوں کے مالکان کو ورغلاتے ہیں اور انہیں بڑے لالچ دے کر ان سے زمین خرید لیتے ہیں یا ان کی زمین پر کام کر کے منافع میں انہیں شریک کر لیتے ہیں۔زرعی زمینوں کے مالکان بھی لالچ میں آکر ایک ہی بار سونے کے تمام انڈے حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں

لوگ اپنے کھیتوں سے ہر سال تھوڑی تھوڑی آمدن کے بجائے ایک ہی مرتبہ زیادہ منافع حاصل کرنے کی خواہش میں اپنی زمینیں فروخت کردیتے ہیں یا زمین کی خرید وفروخت کرنے والے دلالوں کے ساتھ مل کر کھیتوں کو صاف کر کے مکانات تعمیر کردیتے ہیں۔

ہمارے ہاں زرعی زمینوں کا اتنی بے دردی سے خاتمہ کیا جارہا ہے کہ شہروں کے اطراف میں روزانہ ایک کالونی متعارف کرائی جارہی ہے اور ان کالونیوں کا پھیلاؤ اتنا زیادہ ہے کہ ہر طرف اب زرعی زمینوں پر مکانات دکھ رہے ہیں۔ہرے بھرے کھیت کنکریٹ کے جنگل میں تبدیل ہورہے ہیں۔جو معیشت کیلئے شدید نقصان دہ ثابت ہونے کے ساتھ انسانی صحت پر بھی مضر اثرات مرتب کررہے ہیں۔جبکہ متعلقہ حکام سب کچھ جانتے ہوئے بھی خواب غفلت میں ہیں۔ان غیر قانونی کالونیوں کے خلاف کسی قسم کی کوئی کارروائی نہیں ہوتی۔ یوں یہ غیر قانونی کالونیاں بغیر کسی منصوبہ بندی کے پھیلتی جارہی ہیں۔یہاں تک کہ انہیں باضابط بجلی اور پانی کے کنکشن بھی فراہم کئے جاتے ہیں اور ان پر جائز ہونے کی مہر لگائی جاتی ہے۔مستقبل میں ان کے مضر اثرات سے معاشرہ بری طرح متاثر ہوگا۔

یہ حقیقت ہے کہ کسانوں کو گوناگوں مسائل کا سامنا ہے کسان پورا سال محنت کر کے فصل تیار کرتے ہیں لیکن جب انہیں صلہ ملنے کا وقت آتا ہے تو انہیں پورا معاوضہ نہیں ملتا ان پریشانیوں کے ستائے ہوئے کسان زرعی زمین فروخت کرنے مجبور ہورہے ہیں تاکہ انہیں کم محنت میں زیادہ منافع حاصل ہو۔جب زمیندار اپنی محنت کا پورا پورا صلہ ملتا ہوا دیکھیں گے تو وہ اپنی زرخیز زمینیں ان دلانوں کے ہاتھ فروخت کر کے زرعی رقبہ برباد کرنے پر مجبور نہیں ہوں گے۔ اگر ہاؤسنگ کالونیاں بنانے کی ضرورت بھی ہو تو اس کیلئے غیر زرعی زمینوں کو بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جو قابل کاشت نہ ہوں۔

اس کے علاوہ تب تک ان مکانات یا تعمیرات کو کوئی سرکاری سہولیات بالشمول بجلی و پانی کنکشن فراہم نہ کی جائیں جب تک نہ انہیں باضابط متعلقہ حکام کی جانب سے باضابط اجازت نہ دی جائے اس کے لئے مقامی ریونیو کے اہلکاروں کو جواب دہ بنانے کی ضرورت ہے جن کی ملی بھگت سے ایسا ممکن نہیں

## شیخ حسینہ کو سزائے موت سنائے جانے کے بعد کیا؟

تحریر: جینت رائے چودھری

جنوبی ایشیا کے سیاسی حلقوں کو پریشان کرنے والے دو بڑے سوال کہ کیا عدالتی فیصلے کے بعد ہندوستان شیخ حسینہ کو بنگلہ دیش کیحوالے کرے گا؟ اور اس کے بعد ایسے وقت میں بنگلہ دیش کا مستقبل کیا ہوگا جب ملک پہلے ہی سیاسی اور معاشی بحران کی گرفت میں ہے۔
ہندوستان نے حکومت بنگلہ دیش کی جانب سے "مجرم افراد کی فوراً حوالگی" کیمطالبے کو مکمل طور پر نظر انداز کردیا ہے اور صرف یہ واضح کیا ہے کہ "اس نے بنگلہ دیش کی انٹرنیشنل کرائمز ٹرابیونل کی جانب سے وزیر اعظم شیخ حسینہ سے متعلق سنائے گئے فیصلے کا نوٹس لیا ہے"۔

تازہ ترین عدالتی فیصلے کے بعد حکومت کا بنگلہ دیش کے لیے پیغام بالکل واضح دکھائی دیتا ہے ''آپ جو چاہیں مطالبہ پیش کریں،لیکن ہندوستان اپنے فیصلے خود اپنی ہی طرز پر کرے گا۔ "

ہندوستان کی وزارتِ خارجہ کے سابق سیکریٹری اور بنگلہ دیش میں ہندوستان کے سابق ہائی کمشنر پناک رنجن چکرورتی نے یواین آئی کو بتایا کہ نئی دہلی نے در پردہ طور پر پہلے ہی بنگلہ دیش پر یہ واضح کردیا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان موجود حوالگی معاہدے میں ایک استثنائی شق موجود ہے، جو اُن افراد کی حوالگی کی اجازت نہیں دیتی جن کے خلاف فیصلے سیاسی یا سیاسی اغراض پر مبنی ہوں۔

ڈاکٹر سمرتی ایس پٹنائک، ریسرچ فیلو، منوہر پاریکر -انسٹیٹوٹ آف ڈیفنس اسٹڈیز اینڈ انالسس،بھی اس بات سے اتفاق کرتی ہیں۔اُن کے مطابق "اگر ہم حوالگی کے معاملے پر بنگلہ دیش اور ہندوستان دونوں کے بیانات پڑھیں تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے سے بالکل مختلف انداز میں بات کر رہے ہیں۔ "پٹنائک نے کہا کہ ہندوستان کسی بھی بڑے سیاسی اقدام پر غور کرنے سے پہلے غالباً اس بات کا انتظار کرے گا کہ بنگلہ دیش میں ایک منتخب حکومت منصب سنبھال لے، البتہ معمول کی تجارت اور عوام سے عوام کے رابطے بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رہیں گے۔

بے شک ہندوستان کا ایک طویل تاریخی ریکارڈ ہے کہ اس نے اُن سربراہانِ مملکت اور اُن کے اہلِ خانہ کو پناہ دی ہے جو اپنے ملکوں میں میدانِ جنگ، بدامنی یا سیاسی انتشار کے باعث وہاں سے نکلنے پر مجبور ہوئے۔ سال 1950 میں نیپال کے شاہ تری بھوون نے ہندوستان میں پناہ لی، جس نے رانا حکمرانوں کے خلاف عوامی بغاوت کو جنم دینے میں اہم کردار ادا کیا تھا اور بالآخر شاہی حکومت دوبارہ اقتدار میں واپس آئی۔اسی طرح 1959 میں ہندوستان نے چودھویں دلائی لامہ کو سیاسی پناہ دی تھی اور ہزاروں تبتی باشندوں کو بھی پناہ فراہم کی جو چینی حکومت کے تسلط سے بچنے کے لیے فرار ہوئے تھے۔ 1996 میں طالبان کے اقتدار میں آنے کے بعد، ہندوستان نے افغانستان کے سابق صدر محمد نجیب اللہ کے قتل کے بعد ان کیخاندان کو پناہ دی تھی اور اس وقت سے اُن کا خاندان دہلی میں مقیم ہے۔



یہاں کے تجزیہ کاروں نے خبردار کیا ہے کہ تازہ ترین پیش رفت بنگلہ دیش کے پہلے سے ہی نازک سیاسی منظر نامے کو مزید غیر مستحکم کر سکتی ہے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بھی کمزور کر سکتی ہے۔چکرورتی نے نشاندہی کی کہ بنگلہ دیش شدید معاشی دباؤ کا سامنا کر رہا ہے، جن میں مہنگائی، بے روزگاری اور تیزی سے سست ہوتی ہوئی معاشی ترقی شامل ہیں۔اُنہوں نے کہا کہ "اس میں سب سے بالاتر ہجوم کی حکمرانی، سڑکوں پر افراتفری، اور سیاسی جماعتوں کے درمیان بڑھتی ہوئی اندرونی کشمکش ہے۔ "

چکرورتی کا یہ بھی خیال ہے کہ بنگلہ دیش میں سیاسی ہلچل اب مزید تیز ہو جائے گی اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس فیصلے سے حریف بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کا یہ دیرینہ خدشہ اور بڑھ سکتا ہے کہ اس کی حمایت کا بنیادی حلقہ جماعتِ اسلامی کی طرف منتقل ہوسکتا ہے -ایک ایسا اندیشہ جو آنے والے مہینوں میں سیاسی اتحادوں کی نئی شکل سازی کا سبب بن سکتا ہے۔

فیصلے سے پہلے عوامی لیگ پارٹی نے ملک گیر سطح پر پُرامن ہڑتالوں، بند اور بڑے احتجاجی مظاہروں کی اپیل کی تھی۔ڈھاکہ سمیت کئی شہروں کے مرکزی علاقوں میں نامعلوم شرپسندوں کی جانب سے بار بار دیسی بموں کے دھماکے، آتش زنی اور تخریب کاری کے واقعات بھی پیش آئے،جنہوں نے پولیس اور نیم فوجی دستوں کو ہائی الرٹ پر رکھا ہوا ہے۔

پٹنائک نے کہا کہ "یہ فیصلہ ایسے وقت میں آیا ہے جب عوامی لیگ نے اگست 2024 کی تحریک کے بعد ایک نئی بحالی دیکھی ہے "۔انہوں نے نشاندہی کی کہ وہ جماعت جس نے بنگلہ دیش کو آزادی دلائی تھی، اب ایک بار پھر سرگرم ہوتی جارہی ہے اور ملک بھر میں منظم مظاہرے کر رہی ہے۔اس کی نئی سیاسی طاقت اس وقت ابھر کر سامنے آئی جب محمد یونس کی عبوری حکومت کے ارکان کی جانب سے قائم کی گئی نوآموز سیاسی جماعت این سی پی نے گوپال گنج -جو عوامی لیگ کا طاقتور گڑھ سمجھا جاتا ہے- کی طرف مارچ کرنے کی کوشش کی۔

انہوں نے کہا کہ "اس کے بعد سے عوامی لیگ نے ملک بھر میں مختلف سیاسی سرگرمیاں انجام دی ہیں، اور یہ فیصلہ اس کے کارکنوں کو مزید متحرک کرے گا، "۔تجزیہ کاروں نے بھی عدالتی کارروائی کی شفافیت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور متعدد طریقہ کار کی خامیوں کی جانب اشارہ کیا ہے۔پٹنائک کے مطابق، بنگلہ دیش حکومت نے دفاع کے وکیل خود مقرر کیے اور عوامی لیگ کی اس درخواست کو مسترد کردیا کہ شیخ حسینہ کے لیے بین الاقوامی وکلاء، جن میں برطانیہ کے وکلاء بھی شامل تھے،کو مقرر کرنے کی اجازت دی جائے۔دفاع کے لیے اعتراضات داخل کرنے یا اپنے دلائل تیار کرنے کے لیے بھی نہایت محدود وقت دیا گیا۔ انہوں نے کہا، "نتیجتاً، خود فیصلہ ہی خامیوں کا شکار ہے۔ "

ساوتھ بلاک کے اعلیٰ حکام کا کہنا ہے کہ بنگلہ دیش ایک ایسے غیر مستحکم دور میں داخل ہورہا ہے جس میں قانونی تنازعات،سڑکوں پر بے چینی اور غیر یقینی سیاسی تبدیلی شامل ہے اور ہندوستان حالات پر گہری نظر رکھے گا۔

فیصلے کی قانونی حیثیت اور عوامی لیگ کے مستقبل سے متعلق سوالات ابھی تک حل نہیں ہوئے ہیں۔ایسے ہندوستان کا ردِعمل اور بنگلہ دیش کی سیاسی استحکام کی طرف واپسی کی رفتار اس بات پر منحصر ہوسکتی ہے کہ ڈھاکہ میں ایک منتخب حکومت کتنی جلدی اقتدار سنبھالتی ہے اور کیا یہ انتخابات آزادانہ،منصفانہ اور سب کی شمولیت والے ہوں گے؟ یہ تین اہم نکات ہیں جن پر ہندوستان شروع سے زور دیتا آیا ہے۔

(یواین آئی)

## موسم سرما، ایک پُر لطف موسم

ازمولانا محمد نعمان رضا علیمی
بنارس

دنیا یا زمین پر جغرافیائی تقسیم کے اعتبار سے موسمی تغیرات اور تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں زمین پر سال میں چار موسم ہوتے ہیں سردی، گرمی، خزاں، بہار، ان کا سامنا اور مقابلہ کرنے کے لئے انسان دنیوی اور مادی لحاظ سے تیاری کرتا ہے۔

قدرت نے انسان کے لیے ہر موسم کو مفید بنایا ہے۔انسان جیسا موسم دیکھتا ہے اُسی کے اعتبار اور تقاضوں کے پیشِ نظر اپنے اندر اور باہر اپنے رہن سہن، لباس، غذا و خوراک، معاملات اور معمولات میں تبدیلی لاتا ہے۔ برسات کا موسم آتا ہے تو بارش سے بچاؤ کے انتظامات کئے جاتے ہیں۔خستہ حال مکانوں کی مرمت کی جاتی ہے، گرمی کا موسم آتا ہے تو پہلے سے اس کے اعتبار سے لباس تیار کیا جاتا ہے۔ اسی طرح جب سردی کے موسم کا آغاز ہوتا ہے تو انسان اس کے اعتبار سے سردی کی شدت سے بچنے کے انتظامات کرتا ہے۔گرم لباس، اور گرم بستروں کی تیاری زور وشور سے کرتا ہے اس کے ساتھ موسم سرما کے شروع ہوتے ہی اپنے رہن سہن اور خوراک وغذا میں تبدیلی لاتا ہے۔

سردیوں کا موسم آتے ہی ایک بہاری آجاتی ہے۔موسم سرما سارے موسموں سے زیادہ خوشگوار ہوتا ہے۔اس موسم میں چہاروں اطراف دلفریب اور دلکش مناظر ہوتے ہیں۔سرسبز میدان و جنگلات باغات میں مختلف اقسام کے رنگ بہ رنگے پھول نظر آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اس موسم کو موسموں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔

موسمِ سرما میں سورج کی شعاعیں سیدھے رخ نہیں آتیں اس وجہ سے موسم سرما ہوتا ہے۔جب شمالی نصف کرہ میں موسم سرما ہوتا ہے تو جنوبی نصف کرے میں موسم گرما۔اس موسم میں دن چھوٹے ہو جاتے ہیں اور راتیں لمبی۔ درجہ حرارت گر جاتا ہے۔اس موسم میں رس بھرے اور رنگ برنگے پھل کھانے کا موقع ملتا ہے۔

موسم سرما میں کہرے کا تو جواب ہی نہیں ہوتا۔سورج کی شعاعوں کو بھی اپنی اغوش میں لے لیتا ہے یہاں تک کہ سورج کے کرن نظر بھی نہیں اتی۔

سردی کا موسم ایمان والوں کے لئے اپنے اندر بہت سے فوائد رکھتا ہے جسے موسمی تغیر اور رات دن کے چھوٹے بڑے ہونے میں قدرت کی نشانیوں میں غور و تدبر کرنے کا موقع ملتا ہے۔راتیں لمبی ہونے کی وجہ جہاں نیند اور سکون سے محظوظ ہوتا ہے وہیں قیام اور عبادت کا لطف بھی اٹھاتا ہے۔نیک اور برگزیدہ لوگ اپنی رات ذکر اور عبادت میں کاٹتے ہیں۔عبادت اور قیام کا ذوق رکھنے والے اپنے پروردگار کے ساتھ لمبی سرگوشیوں کا لطف اٹھاتے ہیں۔ اپنی ضرورتیں اپنے مالک کے حضور پیش کرتے ہیں، اپنی غربت اپنے آقا کو دکھاتے ہیں اور خطا پوش کریم کے سامنے اپنے گناہوں کو یاد کرتے ہیں۔



دن چھوٹے ہونے کی وجہ سے روزہ رکھنا آسان ہو جاتا ہے۔اسی طرح سردی کے موسم میں قضاء روزے بھی بآسانی رکھے جاسکتے ہیں۔سورج اور اس کی دھوپ سے حاصل ہونے والی تپش کی نعمت کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ موسم سرما کے مخصوص پھل نصیب ہوتے ہیں، جنہیں کھانے کے بعد شکر ادا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ ٹھنڈی راتوں میں ''وضو'' اور ''فرض غسل'' کے اجر کی وجہ سے درجات کی بلندی نصیب ہوتی ہے۔گرم بستر چھوڑ کر نماز پڑھنے اور مسجد جانے سے اللہ کی رضاء اور خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔

موسم سرما کے شروع ہوتے ہی عام طور پر کھانے پینے اور رہن سہن کے روزمرہ کے معمولات میں مختلف تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں۔جس سے عام طور پر سردیوں کے موسم میں نزلہ، زکام، بخار، گلا خراش ہونا، کھانسی، جلد کا خشک ہو جانا، ہونٹوں اور ان کے گرد چھالے اور زخم وغیرہ کی شکایات عام ہو جاتی ہیں۔اس کے علاوہ سرد موسم میں پیاس کم لگنے کی وجہ سے ہم پانی کم پیتے ہیں اور پھر جسم میں پانی کی کمی کی شکایت ہونے لگتی ہے جس کے باعث جلد پر خشکی کے اثرات نمایاں ہونے لگتے ہیں۔سردی کے موسم میں ٹھنڈ لگنے سے جسم میں کپکپی جیسی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سینے میں ٹھنڈ لگنے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔خاص طور پر اس سے چھوٹے بچے اور بزرگ افراد زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔اس لیے سردی کی مختلف بیماریوں سے حتی الامکان خود کو محفوظ رکھیں اور آپ موسم سرما کی سرد ہواؤں سے لطف اندوز ہوتے رہیں۔

موسم سرما، اپنے ٹھنڈے اور آسمانی مناظر کے ساتھ، ایک ایسا موسم ہے جو ہمیں خوبصورتی تلاش کرنے کی دعوت دیتا ہے۔اس کی پُرسکون شان و شوکت میں تبدیلی کی طاقت ہے، خود شناسی کو فروغ دیتی ہے اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھڑکاتی ہے۔ جب ہم فطرت کی نازک فنکاری میں اپنے آپ کو غرق کرتے ہیں، آرام دہ راحتوں اور گرمجوشی سے لطف اندوز ہوتے ہیں، اور سردیوں کی پیش کش کو گلے لگاتے ہیں، ہمیں چھپے ہوئے خزانوں کی ایک ایسی دنیا دریافت ہوتی ہے جو تلاش کیے جانے کے منتظر ہیں۔موسم سرما ہمیں خاموشی میں خوبصورتی، لچک میں طاقت، اور اپنے پیاروں کے ساتھ بانٹنے والے بندھنوں میں گرمجوشی تلاش کرنا سکھاتا ہے۔لہذا، آیئے ہم سردیوں کے سکون کا خیر مقدم کریں، یہ ہمارے دلوں پر ایک انمٹ نقوش چھوڑنے کی اجازت دیں۔اور موسم کے لمحات کو یادگار بنائیں۔

